38027 ـ اگر عورت کومغرب سے پانچ منٹ قبل حیض آجائے توکیا وہ روزہ مکمل کرے گی ؟

سوال

جب عورت کو مغرب کی اذان سے پانچ منٹ قبل ماہواری شروع ہوجائے تو کیا وہ روزہ مکمل کرے گی یا روزہ ختم کردے گي ؟

پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

جب عورت کو سورج غروب ہونے سے قبل حیض شروع ہوجائے چاہے ایک لحظہ قبل ہی تو اس کا روزہ باطل ہوجائےگا ، اوراسے اس دن کے روزے کی قضاء کرنا ہوگي ۔

شیخ ابن عثیمین رحمہ اللہ تعالی کہتے ہیں :

جب عورت کو روزہ کی حالت میں غروب شمس سے ایک لحظہ قبل حیض شروع ہوجائے تواس کا روزہ باطل ہوجائے گا ، اور اس روزے کی اس پر قضاء لازم ہوگی ۔ ا ھـ

دیکھیں : مجالس شھر رمضان صفحہ (39)

عورت کے لیے حیض کی حالت میں روزہ رکھنا جائز نہیں ، اوراگر وہ روزہ رکھ بھی لے تو اس کا روزہ صحیح نہیں ہوگا ۔

ابن قدامہ رحمہ اللہ تعالی مغنی میں لکھتےہیں :

حائضہ عورت جب بھی روزے کی نیت کرے اورتحریم کا علم ہونے کے باوجود کھانا پینا چھوڑ دے تووہ گنہگار ہوگی اوراس کا وہ روزہ کافی نہیں ہوگا ۔ اھ دیکھیں المغنی لابن قدامۃ (4 / 397)

واللہ اعلم .